## آئندہ انتخابات میں ملک بھر سے حق پرست امیدوار کھڑے کریں گے، الطاف حسین

## وہ دن ضرور آئے گا جب پورے پاکستان میں مظلوموں کی حکمرانی قائم ہوگی

## مائیکرو فنانسنگ بینک کے ذریعے بے روزگار نوجوانوں کو آسان شرائط پر قرضے فراہم کئے جائیں گے

## ایم کیوایم برسر اقتدار آکر دوہرے تعلیمی نظام، آٹے، چینی کی قلت اور مہنگائی کا خاتمہ کرے گی

## ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں عوام الناس کی بلا امتیاز عملی خدمت کرنا ہے

## عیدالفطر کے بعد خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ ملک بھر میں پھیلایا جائے گا

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سالانہ امدادی پروگرام کی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔13، ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم ملک بھر سے حق پرست امیدوار کھڑے گی اور وہ دن ضرور آئے گا جب پورے پاکستان میں مظلوموں کی حکمرانی قائم ہوگی۔ ایم کیوایم ملک بھر میں برسر اقتدار آکر دوہرے تعلیمی نظام کا خاتمہ کرے گی، مائیکرو فنانسنگ بینک کے ذریعے بے روزگار نوجوانوں کو آسان شرائط پر قرضے فراہم کئے جائیں گے۔ ہم حکومت میں آکر آٹے، چینی کی قلت اور مہنگائی کا خاتمہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام الناس کی بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدہ اور مذہب عملی خدمت کرنا ہے۔ انہوں نے ایم کیوایم کے تمام کارکنان پر زور دیا کہ وہ غریب و مستحق افراد کو عید کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے بھر پور کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عیدالفطر کے بعد خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان اور اندرون سندھ تک پھیلایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سالانہ امدادی پروگرام سے ٹیلی فونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امدادی پروگرام کی تقریب سے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈووکیٹ، وسیم آفتاب، کے کے ایف کے ٹرسٹی عادل صدیقی اور ڈائریکٹر آپریشن سلیم انصاری نے بھی خطاب کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سالانہ امدادی پروگرام سندھ کے متعدد شہروں میں منعقد کئے جاتے ہیں جبکہ فاؤنڈیشن دہشت گردی، حادثات، سیلاب، قحط وخشک سالی، زلزلے اور دیگر قدرتی آفات متاثر ہونے والوں کی بھی بھر پور امداد کرتی ہے۔ کے کے ایف کے تحت میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹر، پیرامیڈیکل اسٹاف اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار پورے ملک میں مفت طبی امدادی کیمپ، آنکھوں کے معائنے کے کیمپ اور پولیو ویکسین پلانے کے کیمپ لگا کر انسانیت کی عملی خدمت کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں پاکستان کی تاریخ کا بدترین زلزلہ آیا تھا تب بھی ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ہزاروں کارکنان اور رضا کاروں نے متاثرہ مقامات پر امدادی کیمپ لگا کر کئی ماہ تک متاثرین کو نہ صرف غذائی اجناس فراہم کیں بلکہ طبی امدادی کیمپ لگا کر متاثرین کو علاج ومعالجہ کی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ اسی طرح بلوچستان میں خشک سالی اور قحط سالی سے متاثرہ افراد میں بھاری مالیت کی غذائی اشیاء اور طبی امداد تقسیم کی گئیں۔ اندرون سندھ کے ریگستانی علاقے تھر میں متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت پانی کے ٹینکرز پہنچائے گئے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں قبائلی علاقوں میں انتہاء پسند دہشت گردوں کے باعث نقل مکانی کرنے والے متاثرہ خاندانوں کیلئے ایم کیوایم کے کارکنان نے نہ صرف دن رات امدادی اشیاء جمع کرکے ٹرکوں اور طیاروں کے ذریعہ متاثرہ علاقوں میں پہنچائیں بلکہ وزیراعظم فنڈ اور اسپیکر قومی اسمبلی فنڈ میں نقد عطیات بھی جمع کرائے۔ انہوں نے کہ ایم کیوایم نے سیاست میں خدمت کے فکر وفلسفہ کو متعارف کرایا ہے اور ایم کیوایم کے نزدیک سیاست کا مقصد اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوام الناس کی بھر پور خدمت کرنا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی اور سندھ کے دیگر شہروں میں ہونے والے ترقیاتی منصوبے ایم کیوایم کی عوامی خدمات کا منہ بولتا ثبوت ہیں اور شہری حکومت کے ترقیاتی منصوبوں سے صرف ایم کیوایم کے کارکنان ہی استفادہ نہیں کررہے بلکہ کراچی میں رہنے والے تمام شہری مستفید ہورہے ہیں۔ حق پرست ارکان سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی یا بلدیاتی نمائندوں کا بنیادی فرض ہے کہ وہ عوام الناس کی بلا امتیاز وتفریق عملی خدمت کریں۔ یہی وجہ ہے کہ جب آزاد کشمیر میں زلزلہ آیا تو وہاں این جی اوز پہنچیں اور انہوں نے اپنی آنکھوں سے حق پرست عوامی نمائندوں کو کارکنان کے ساتھ دکھی انسانیت کی خدمت کرتے دیکھا تو وہ حیرت زدہ رہ گئے کہ منتخب نمائندے عام کارکنان کے ساتھ امدادی کام کررہے ہیں کیونکہ ایم کیوایم کا بنیادی درس ہی قوم کی خدمت ہے۔ اسی طرح گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال صبح چار بجے تک شہریوں کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج ایم کیوایم کا فکر وفلسفہ پورے پاکستان میں پھیل رہا ہے، انشاء اللہ آنے والے انتخابات میں ایم کیوایم پاکستان بھر سے حق پرست امیدوار کھڑے کرے گی، اللہ تعالیٰ

ایم کیوایم کوعوامی خدمات کا صلہ ضرور دے گا اور ایک دن آئے گا جب پورے پاکستان میں ایم کیوایم اور ملک بھر کے مظلوم عوام کی حکمرانی ہوگی ۔آٹے اور چینی کے حصول کیلئے خواتین ، بزرگ اور بچے لمبی لمبی قطاروں میں گھنٹوں کھڑے رہتے ہیں جس سے ان کی عزت نفس مجروح ہوتی ہے جب ایم کیوایم کی حکومت وفاق اور صوبوں میں قائم ہوگی تو انشاءاللہ آٹے ،چینی کی قلت اور آسمان سے باتیں کرنے والی مہنگائی کا خاتمہ ہوگا ،ملک سے لوٹ مار کی سیاست کا خاتمہ ہوگا ،آٹا اور چینی کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی اور عوام کا جینا مشکل بنانے والوں کا بھر پور طریقے سے احتساب ہوگا۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم حکومت کی حلیف جماعت ہے اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنی بساط کے مطابق احتجاج کرسکتی ہے اور حکومت سے مطالبے کرسکتی ہے ۔انہوں ے کہا کہ ملک میں دہرا تعلیمی نظام رائج ہے ،دولت مندوں ، جاگیرداروں اور وڈیروں کے بچوں کیلئے علیحدہ اسکول ہیں جبکہ غریب محنت کش ،ہاری کسان کے بچوں کیلئے علیحدہ اسکول ہیں جوکہ بنیادی سہولیات سے محروم ہیں ۔ایم کیوایم نے اپنے دور میں اندرون سندھ جتنے اسکول قائم کئے تھے وہ آج جاگیرادروں اور وڈیروں کی اوطاق میں تبدیل ہوچکے ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم دہرے نظام تعلیم کا خاتمہ کرنا چاہتی ہے ۔اسی طرح ایم کیوایم کے ماہرین معاشیات مائیکروفنانسنگ اسکیم کے تحت مائیکروفنانسنگ بینک قائم کریں گے جس کے ذریعے بے روزگار نوجوانوں کو آسان شرائط پر قرضے فراہم کئے جائیں گے تاکہ وہ اپنے پیروں پر کھڑے ہوسکیں ۔جناب الطاف حسین نے محنت ولگن اور فرض شناسی سے کام کرنے پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ،حق پرست عوامی نمائندگان ،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی حضرات ،رضاکاروں اور ایم کیوایم کے کارکنان کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور انہیں عید کی پیشگی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ عیدالفطر کے موقع پر حق پرست شہداء کے گھروں میں جائیں اور شہداء کے لواحقین کا غم بانٹیں ۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت مستحقین میں پانچ کرروڑ سے زائد امدادی اشیاء کی تقسیم

کراچی ۔۔۔13،ستمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت اتوار کے روز فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل میں ایک بڑا سالانہ امدادی پروگرام منعقد ہوا۔اس موقع پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلی فونک خطاب کیا۔امدادی پروگرام میں بیواؤں ،معذوروں ، بے روزگاروں ،غرباء ،مساکین اور دیگر ضرورت مندوں میں پانچ کروڑ روپے سے زائد کی امداد نقد اور اشیاء صرف کی صورت میں ان کی عزت نفس مجروح کئے بغیر تقسیم کی گئیں ۔اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤندیشن کے رضاکاروں اور ایم کیوایم کے کارکنوں نے خصوصی انتظامات کئے تھے اور ضرورت مندوں کو پہلے ہی درخواست لیکر ٹوکن جاری کردیئے گئے تھے جس کے باعث انہیں امداد کے حصول میں کسی مشکل کا سامنا نہیں کرنا پڑا اور کسی قسم کی معمولی بدمزگی یا انتظامی خرابی بھی دیکھنے میں نہیں آئی ۔ بے روزگار ضرورت مندوں کی بڑی تعداد میں سبزی اور فروٹ سے لدے ٹھیلے بمعہ ترازوں ،سلائی مشینیں ،زنانہ ومردانہ ملبوسات ، واٹر کولر ،معذوروں کیلئے وہیل چیئرز ،کمبل اور ایک ماہ کی ضرورت کے مطابق غذائی اجناس کے پیکٹ جس میں آٹا ، چاول ، دالیں ،خشک دودھ ، پتی بھی شامل تھیں فراہم کی گئیں ۔امدادی پروگرام میں مستحقین کو ان کی مطلوبہ امداد کے مطابق علیحدہ علیحدہ کاؤنٹر بنائے گئے تھے ۔ جناب الطاف حسین کے خطاب کے اختتام پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنویز ز ڈاکٹر فاروق ستار اور انیس احمد قائم خانی کے علاوہ دیگر اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری ایڈووکیٹ ، وسیم آفتاب ، قاسم علی رضا ، ڈاکٹر نصرت ، آنسہ ممتاز انوار ، نیک محمد ، شکیل عمر ، سیف یار خان ، سلیم تاجک ، کیف الوریٰ ، توصیف خانزادہ ، ڈاکٹر صغیر احمد ، رضا ہارون ، شاکر علی ، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ، حق پرست وزراء ، سٹی نائب ناظمہ نسرین جلیل اور ٹاؤن ناظمین نے مستحقین میں امدادی سامان تقسیم کیا۔

☆☆☆☆☆